فون نمبر 99212639

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

سینٹرل پولیس آفس میں منعقدہ اجلاس میں آئی جی سندھ نے تمام ہائی پروفائل کیسز اور ٹارگٹ کلنگز کے مقدمات کی تفتیش کا جائزہ لیا۔

کراچی 31 مئی 2013ء۔ انسپکٹر جنرل پولیس سندھ شاہد ندیم بلوچ نے تمام ہائی پروفائل کیسز اور ٹارگٹ کلنگز کے درج مقدمات پر پولیس کی جانب سے تفتیش میں کی جانیوالی پیش رفت کی تمام تر تفصیلات طلب کرتے ہوئے آج سینٹرل پولیس آفس میں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، ایڈیشنل آئی جی سی آئی ڈی، ڈی آئی جی سی آئی ڈی، کراچی تینوں زونز کے ڈی آئی جیز کے علاوہ دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی جی سندھ نے کیس ٹو کیس مقدمات کے ساتھ ساتھ پولیس تفتیش کے مختلف پہلوؤں اور مراحل میں فارنزک ڈویژن سندھ پولیس کے کردار اور کارکردگی کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوں نے اجلاس کو ہدایات دیں کہ مقدمات کی غیر جانبدارانہ تفتیش نہ صرف جرائم سے متاثرہ شہریوں، مدعی و گواہان مقدمات کے لیے اطمینان بخش ہوتی ہے بلکہ ملوث ملزمان کو مثالی سزاؤں کے عمل میں بھی انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہے تاہم اس ضمن میں محکمے میں اچھی شہرت کے حامل ماہر تفتیشی افسران و اہلکاروں کو ذمہ داریاں تفویض کرنا اشد ضروری ہے۔

انہوں نے کہا کہ جرائم کے خلاف یقینی کامیابیوں اور جرائم پیشہ عناصر و گروہوں کی بیخ کنی کے لیے پولیس آپریشنل برانچ کو علاقہ کمیونٹیز میں ہر سطح پر اعتماد کی بحالی اور قانون پسند شہریوں کی مدد اور تعاون کے رجحان میں اضافہ کرنا ہوگا کیونکہ سیکیورٹی کے جملہ اقدامات گشت، اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ، ٹارگیٹڈ کاروائیوں، ریکی نگرانی اور انٹیلی جنس کلیکشن کے حصول میں پولیس کی کامیابی عوام الناس کی مدد اور تعاون ہی کی مرہون منت ہے

#